اگر بچہ دن بدن دبلا ہوتا جاتا ہو۔ اس کو ماں کے دودھ میں گھول کر پلایا جاوے۔ تو بچہ توانا اور موٹا ہو جائے گا۔ مگر یہ نقش دس سال کے بچے تک کام دے گا۔ دس برس سے بڑے بچے کو کام نہیں دے گا۔

نقش دفع بیماری یرقان

یہ نقش لکھ کر یرقان زدہ شخص کی آنکھوں پر رکھیں مرض دور ہو جائے گا۔ انشاء اللہ مرض یرقان دور ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۶	۲	۱۱	۹	۵	۳	۷	۱
۷	۲۱	۲	۲۰	۱۱	۵	۱۰	۸

نقش برائے بربادئ دشمن

اس نقش کو ٹھیکرے پر لکھ کر کوئلے کی آگ میں خوب زور سے جلا اپنے دشمن کا نام اور اس کی بربادی کا خیال دل میں کرے۔ جب تک وہ جل کر خاک سیاہ ہو جائے اس پر سے نظر نہ ہٹا دے۔

اگر کسی شخص کی معشوق سے جدائی ہو گئی ہو۔ اور کسی صورت سے ملنے کی صورت نہ ہو تو اسکو لازم ہے۔ کہ اس نقش کو ہر برس کی پرانی دیوار جو کچھ سوراخ [illegible] کو گلے کے گلاب کے عرق میں سیاہی بنا کر لکھے۔ اور پھر اس نقش کو فتیلے بنا کر ہر روز شام کو ایک فتیلہ معشوق کے مکان کی طرف چراغ کا رخ کر کے جلا دے۔ اور بجائے تیل کے اس چراغ میں عطر روشن کرے۔ اور چراغ کی لو سے منہ کو اور معشوق کی تصویر کو دل پر نقش کر لے۔ یہ عمل رات کو کرے۔ جس وقت سونے لگے معشوق کا خیال کر کے سو جاوے۔ امید ہے کہ کسی روز گزرنے پر معشوق خود عاشق کے پاس چلا آوے گا۔ اور جو کچھ عاشق کہے گا بسر و چشم بجا لائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یا مطلوب	یا مطلوب	یا مطلوب	یا مطلوب	یا مطلوب
ہہہہ	ہہہہ	ہہہہ	ہہہہ	ہہہہ
یا مطلوب	یا مطلوب	یا مطلوب	یا مطلوب	یا مطلوب
ہہہہ	ہہہہ	ہہہہ	ہہہہ	ہہہہ

مگر جب تک اس نقش کا ورد کرے کسی کی طرف بدنظر نہ دیکھے اور اپنے معشوق کی نسبت بھی بد خیالی کو جگہ نہ دیوے۔ ہمیشہ پاک صاف رہے عطر یا خوشبو یات کا استعمال کرے۔ بستر پاک صاف رہے اور مکان صفا رہے۔

معشوق خود بخود بے قرار ہو کر چلا آوے

اس نقش کو سفید چمڑے یعنی جھلی پر [illegible] کے خون سے لکھ کر ایک پتھر کے نیچے دبا دو۔ اور دل میں یہ خیال کر لو۔ کہ میرا معشوق خود بخود بے قرار

ہو کر میرے پاس آئیگا اور اپنی خطاؤں کی معافی مانگیگا۔ اور جس طرح میں کہوں گا کرے گا۔ سات روز کے اندر تمہارا معشوق تمہارے پاس آجائیگا

مسمی فلاں

۴	۷	۳	۷	۲	۷	۶	۱
۵۰	۳۰	۹۱	۱۴	۱۳	۸۱	۹۱	۳۱
۳	۷	۲	۸	۷۱	۲۶	۲۱	۱۱

۹۲

بنت فلاں

مرد ہے یا عورت

عجیب و غریب شعبدے

پہلا شعبدہ

فرش پر آگ رکھ دو مگر فرش نہ جلے آگ برابر شعلے دیتی رہے

کافور کو سپرٹ میں خوب حل کر کے فرش پر مل دو۔ اور فرش پر جلتے ہوئے کوئلے رکھ دو۔ شعلے اٹھیں گے مگر فرش کو نقصان نہ پہنچیگا۔

دوسرا شعبدہ

چھپکلی کے پیشاب میں روئی کو خوب اچھی طرح تر کر کے اس پر موم چڑھا دو۔ بعدہٗ اس بتی کو روشن کر کے دریا میں ڈال دو۔ وہ بتی پانی کی تہ میں جا بیٹھیگی۔ اور برابر جلتی رہیگی۔ باہر صاف طور پر اس کی جلتی ہوئی نظر آئے گی۔ مچھلیاں اس کے ارد گرد ہزاروں جمع ہو جائینگی۔

تیسرا شعبدہ

گرم روغن۔ زرد دال اور کافور ہم وزن لیکر سب کو کھرل کرو اور کنواری لڑکی کے ہاتھ سے روئی کی بتی بنوا کر چراغ میں ڈالو۔ اور اس لڑکی سے کہو اسکو روشن کرے۔ بعدہٗ اسکو ایک تسلے یا کونڈے میں رکھ کر اوپر سے پانی بھر دو۔ چراغ پانی کے اندر جلا رہے گا۔ مگر یہ سب کام کنواری لڑکی کے ہاتھ سے کرایا جائے۔

چوتھا شعبدہ

زرد رنگ کے ریشمی مینڈک پکڑ کر مار ڈالو اور اسکو دھوپ میں خشک کرو۔ جب وہ اچھی طرح سوکھ جاوے اسکو پیس ڈالو۔ اور اسکی خاک ایک بوتل میں بھر کر رکھ چھوڑو۔ جب کبھی تماشا دکھانا منظور ہو اور بارش ہو رہی ہو تو اس بوتل میں سے تھوڑی سی لیکر مکان کے صحن میں رکھ دو۔ اور خود سامنے بیٹھ کر خالی منہ ہی منہ میں کچھ پڑھتے رہو تاکہ لوگوں کو گمان ہو کہ تم جادو کر رہے ہو۔ جب اس خاک پر بارش ہوگی اور وہ تر ہوگی تو اس خاک سے چھوٹے چھوٹے مینڈک ہو کر ادھر ادھر دوڑنے لگینگے۔ سب لوگ حیرت کریں گے کہ وہ ہزاروں مرتبہ کا ہے۔

پانچواں شعبدہ

قفل کو بغیر کنجی کے کھول دینا۔ رات کو بارہ بجے مسان میں جا کر دونا خاک اٹھا لاوے مگر رستہ میں آتے وقت پلٹ کر نہ دیکھے۔ اس خاک کو حفاظت سے رکھے۔ جس قفل پر یہ خاک ڈالی جاوے فوراً کھل جاویگا۔

ترکیب عمل حاضرات کرنیکی

بھیڑئیے کی چربی اور شیر کی تپلی ملا کر جس میں کنواری عورت کے ہاتھ سے کاتا ہوا سوت لے کر اسکی بتی بنائے۔ اس چربی کو چراغ میں ڈال کر اس سوت کی بتی کو اس میں روشن کرے۔ اتوار کی رات بارہ بجے کنواری لڑکی یا لڑکا جو حسین ہو تنہا بیٹھ کر اس چراغ کی لو کے ساتھ نظر رکھے۔ جنوں کا بادشاہ اسکو نظر آئے گا جس کا دربار بھی آب و تاب کے ساتھ سجا ہوگا۔ اور تخت جواہر نگار پر وہ خود جلوہ افروز ہوگا۔ اور اس سے بات کرے گا اور پوچھے گا کیا ضرورت پیش آئی ہے جو مجھے یاد کیا ہے۔ عامل کو لازم ہے کہ ذرہ خوف نہ کھائے اپنی حاجت بیان کرے۔ اور بادشاہ سے وعدہ لے لے کہ وہ فوراً ہر کام پر ہر وقت حاضر ہو جائے گا۔

دیگر طریقہ حاضرات

ایک کڑوی نیم کے درخت کی لکڑی لیکر اس پر ریشم کا آنکا لپیٹ کر اسکی دھجیاں کیکر وزو وعدہ میں خوب تر کر کے اس پر ڈال دو۔ اور لپیٹ کر مٹی کے چراغ میں روشن کرو۔ اور دس برس کی کنواری لڑکی کو جو نہایت حسین ہو کر چراغ سے آنکھیں لڑا کر تنہا جگہ میں بیٹھ کر دیکھے اس میں سے ایک تاجدار نظر آئے گا۔ جو اس سے سوال کرے گا تو کہنا چاہئے کہ عامل کا مطلب ہو۔ ادا کرے۔ فوراً پورا ہو جائے گا۔

نقش دیگر

جس عورت کی ناف ہمیشہ ٹل جاتی ہو۔ اس نقش کو لکھوا کر اس کی کمر میں نیلے ڈورے میں باندھ کر باندھے۔ ناف نہ ٹلیگی۔
نقش یہ ہے۔

٥	٥	٥	٥	٥
١٥	١٥	١٥	١٥	١٥
٦	٦	٦	٦	٦

بروز سنیچر یہ نقش لکھا جائے۔ نیم کے درخت کی جڑ میں گاڑ دیا جائے۔ کچا سوت کنواری کنیا کے ہاتھ کا کاتا ہوا اور رنگا ہوا ہو:۔

نقش دافع درد زہ

اس نقش کو چار جگہ لکھ کر زچہ کے پلنگ کے چاروں پاؤں کے نیچے چاروں نقش رکھدیئے جاویں۔ امید ہے۔ خدا کی ذات سے بلا تکلیف کے بچہ پیدا ہو۔ اور زچہ کو مطلق تکلیف محسوس نہ ہو۔ یہ نقش تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ پرچہ کاغذ وہ سورج نکلنے سے پیشتر نکال کر ایک کلمی کی پیالی میں جمع کیا جائے۔ اور اسکو احتیاط سے رکھے۔ اس دوا سے یہ نقش حنائی کاغذ پر لکھے اور زچہ کے پلنگ کے چاروں پاؤں کے نیچے رکھدے۔ نقش ذیل میں درج ہے:۔

صحح صحح صحح صحح

صح ۲۰ ن ۱۱۱۹ م ۹ ر

نام مسمات فلاں ابن فلاں

گنڈہ سوت برائے زچہ

گنڈہ برائے زچہ جس سے زچہ کے ہاں بلا تکلیف کے بچہ پیدا ہو جاتا ہے۔ نہایت مجرب و آزمودہ ہے:۔

نیلے سوت کے سات تار کنواری کنیا کے ہاتھ کے کاتے ہوئے لگے ہوئے ہوں لیکر اس پر ایک ایک ہزار مرتبہ اسم یا رحیم پڑھ کر گرہ لگاتا جاوے۔ ایک حمائل بنا کر گلے میں ڈالدے۔ بعدہ وہ گنڈہ زچہ کے گلے میں ڈالدیوے۔ انشاء اللہ بلا تکلیف کے بچہ پیدا ہو جاوے گا۔ مگر عامل کو لازم ہے کہ ایک تو پاک صاف ہو کر پڑھے۔ دوسرے جس کے واسطے پڑھا کرے۔ اگر ہو اول میں اسکا نام ضرور لیوے کہ فلاں ابن فلاں کے واسطے یہ گنڈہ تیار کیا جاتا ہے۔ اے خدا اسے وحدہٗ اس کی

مشکل کو آسان کر جس وقت زچہ کے ہاں لڑکا یا لڑکی پیدا ہو جاوے تو بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ اور سات نفل شکرانہ کے ادا کرے۔ اگر زچہ مسلمان ہو۔ اور اگر ہندو ہو تو ایشور کا شکر ادا کرے۔ برہمن کو کھلاوے اور دان کرے

نقش دیگر

نقش برائے جدائی یعنی دو شخصوں میں جدائی ہو جاوے۔ خواہ وہ معشوق ہوں۔ خواہ زن و شوہر یا دوست۔

۹۶

ح ح ش ح ح

ع ع ش ش ع ع

اس نقش کو سنیچر کے روز الو کے خون کی سیاہی اور سیہہ کے کانٹے کی قلم سے کچے کاغذ پر لکھ کر بیچ سے چاک کر دیجئے۔ اس کا ایک حصہ آگ میں جلاوے اور دوسرا حصہ کسی اجاڑ ویرانے یا جنگل یا قبرستان میں دفن کر دیوے۔ مگر جلاتے اور دفن کرتے وقت دل میں دونوں کی جدائی کا خیال کر لیوے۔ ایک کو دوسرے کی شکل سے نفرت ہو جاوے گی اور تا زیست میل ملاپ نہ ہو گا۔ ایک دوسرے کا جانی دشمن ہو جائے گا۔ جہاں ایک دوسرے کو دیکھیگا۔ آنکھوں میں خون اتر آئے گا۔

دیگر طریقہ جدائی عاشق و معشوق

جس گھر میں فساد کرانا مقصود ہو سیہہ کا کانٹا لیکر اس گھر میں گاڑ دو۔ رات دن جوتی پیزار اور لڑائی ہوتی رہیگی۔ جب تک وہ کانٹا زمین میں رہیگا۔ یہی حالت رہیگی۔ جب صلح کرانی منظور ہو تو اس کانٹے کو وہاں سے نکال دو۔ پھر آپس میں صلح و صفائی ہو جائیگی:۔

دیگر طریقہ جدائی

چہل روز کو ہے کی دم کے سات سات پر گن کر لو۔ اور ان
اس مکان میں جہاں ... منظور ہو۔ چولہے میں ڈال کر جلا دو ...
کی راکھ ایک کاغذ میں پڑیا باندھ کر اس مکان کے کسی حصے میں ...
پتھرے وار رکھ دو۔ رات دن اس مکان کے رہنے ...
ہوتی رہیگی۔ ایک دم کے بے بھوت سے نہ ہوگی۔ جہاں تک ...
کے سامنے رہیگا۔ روانی ہوتی رہیگی۔ ایک دم ...
جہاں تک منع کرانی منظور ہو۔ پڑیا کو نکال کر کسی کنوئیں ...
ڈالدو۔ پھر بدستور سابق دونوں یکدل ہو جاینگے۔

نقش دافع مرض طاعون

جس شخص کو طاعون ہو گیا ہو۔ اور اس کی زیست کی کوئی امید باقی نہ رہی ہو۔ ڈاکٹر جواب دے چکے ہوں۔ لازم ہے کہ نقش مندرجہ ذیل کو گھول کر پلاوے۔ اور اسی نقش کو آگ پر سینک کر اس کے گلے باندھے۔ جس کو طاعون کہتے ہیں۔ امید ہے کہ خدا کی ذات سے کہ وہ شخص تندرست ہو جاوے گا۔ مگر نقش کسی عالم شخص سے لکھوایا جاوے اور وہ شخص جو اس نقش کو لکھے سادات سے ہو۔ کبھی ترک استعمال نہ کیا ہو۔ عابد و زاہد ہو۔ پرہیزگار ہو۔ خصوصاً اس نقش کو خلوص دل اور صاف نیت سے لکھے۔ انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

۷۸۶

حسنؑ	حسینؑ	فاطمہ	محمدؐ	اللہ
باقر	عابد	[illegible]	زینب	علی
جعفر	علی اکبر	زینب	[illegible]	شبیر
حسنؑ	حسینؑ	علی	فاطمہ	اللہ

نقش برائے دفع ہیضہ

جس شخص کو سینہ کی بیماری لاحق ہو۔ اس کو نقش مندرجہ ذیل سات دفعہ گلاب یا سکنجبین میں گھول کر پلاوے نافع ہے۔

یا حکیم ۷۸۶ یا حکیم ۷۸۶ یا حکیم ۷۸۶
یا حکیم ۷۸۶ یا حکیم ۷۸۶ یا حکیم ۷۸۶

عورت سے لڑکا پیدا ہو

جو شخص اپنی عورت کی کمر سے نقش مندرجہ ذیل باندھ کر جماع کرے انشاءاللہ تعالیٰ بحکم خدا اس کے ہاں لڑکا پیدا ہو۔ اور صاحب عمل ترکیب یہ ہے کہ اس نقش کو سفید کاغذ پر تنہائی میں با وضو بیٹھ کر لکھے اور واپس آتے وقت راستہ میں کسی سے کلام نہ کرے گھر آ کر فوراً نیلے سوت میں اس نقش کو باندھ کر اپنی عورت کی کمر سے باندھ دیوے۔ اور اسی وقت اس کے ساتھ جماع کرے۔ مگر اتنا خیال ضرور کرے کہ جس روز اس کی عورت ایام سے فارغ ہوئی ہو اسی روز عمل کرے اور جب تک جماع کر کے فارغ نہ ہو جاوے عورت سے کلام نہ کرے بعد از جماع کے اپنی عورت کو ساتھ لیکر غسل کرے۔ دونوں زن و شوہر بیٹھ کر غسل کریں۔ مرد عورت کو اور عورت مرد کو طہارت کراوے اس کے بعد کسی سے کلام کرے۔ اس عرصہ میں مطلق کسی سے کلام نہ کرے ورنہ اثر زائل ہو جاوے گا نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱
۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱
۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱
۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱	۳۱۱

اس ہمزاد مؤکل سے مناسب عمل کا یہ کہ جو تو وہ پیدا ہوگی۔ اس کی تمام جسم عادات الله خصلت ماں باپ کی ہوگی۔ ورنہ جو شخص عورت کو پہلے نظر آئیگا بچہ ہوبہو اسی شکل کا پیدا ہوگا۔ اور وہ خصلتیں اس کی ہوں گی۔ اگر مرد سامنے آجائے گا تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر عورت سامنے آجائیگی تو لڑکی پیدا ہوگی۔ اسلئے دونوں کو یہ منع نہانے کا حکم لگایا گیا ہے کہ کبھی ودسرے کا عمل اپنی اولاد میں نہ ہونے پائے۔

نقش دفع ہول دل

اس نقش کو شیشے کے ٹکڑے پر کندہ کرا کر گلے میں ڈالنے سے دل کی گھبراہٹ۔ وحشت۔ اُداسی اور وحشت ہول دل وغیرہ دور ہو جاوے گی۔ راحت اور سکون حاصل ہوگا۔ دل پہ خوشی اور شادمانی رہیگی۔ کسی قسم کی اُداسی اثر نہ کرے گی۔ مگر اس نقش کو کسی خین مد جبیں مہرکن سے کندہ کرایا جائے تو بہتر ہوگا۔ جو کچھ نہ ہو تو اور بھی اچھی بات ہے۔ اتوار کے دن اس نقش کو غروب آفتاب کے بعد کندہ کرلو۔ بعدہٗ ایک عمدہ کپڑے میں دھو کر جامہ کے اندر سی لیوے اور نہا دھو کر گلے میں پہنے۔ اور معصوم بچوں کو شیرینی تقسیم کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ے	۹	ے	۹	ے	۹
ح	۹	ے	۹	ح	۹

لوح محفوظ یعنی ہر ایک بلا سے محفوظ رہنے کے واسطے طلسم بند تختی بنانا

اتوار کے روز کو بارہ بجے قبرستان میں جا کر سات لاکھ مرتبہ

یا بدوح کا اسم پڑھے۔ قبروں کے بیچ میں کھڑے ہو کر اور چار پہر تک اسی وظیفہ کو جاری رکھے۔ اسی طرح بیں طرح طرح کے ڈر اور وحشت سے محسوس ہوں گے مگر انسان کو لازم ہے کہ کسی قسم کا خوف اپنے اوپر طاری نہ ہونے دیوے۔ برابر اسم کو جاری رکھے۔ اگرچہ اسم پڑھنے سے مؤکل طرح طرح کے اس کو خوف دلانے کی کوشش کریں گے۔ جو چھوڑ دے اپنا اسم خوف کھا کر تو تمام چھوڑ دے۔ مگر عامل کو لازم ہے کہ غفلت نہ کرے۔ اور وظیفہ یا بدوح برابر جاری رکھے اور لوٹے تو وقت برگز پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ یہاں تک کہ اگر ان کا کوئی عزیز دوست پیچھے سے آواز دے تو خیال نہ کرے۔ جو مجھے اتوار کو جب قبرستان میں جائے تو ایک قبر پر اسم ختم کرنے کے بعد بیٹھ جاوے۔ اور قلم دوات جو ہمراہ لیجا رکھے اسی قبر پر بیٹھ کر نقش مندرجہ ذیل تحریر کرے۔ بعد تحریر کرنے نقش کے ایک مؤکل ظاہر ہوگا۔ اور سوال کرے گا کہ اے صاحب نقش تیری کیا غرض ہے۔ اور تو کیا چاہتا ہے۔ اس وقت عامل کو لازم ہے کہ اسے اظہار کرے کہ جس غرض کے لئے میں نے محنت گوارا کی ہے۔ اے مؤکل وہ تجھ پر اظہار ہے کیا دریافت کرتا ہے۔ اسوقت وہ مؤکل اظہار کرے گا کہ جا اے عامل جس غرض سے تو نے یہ اسم پڑھا ہے۔ وہ غرض تیری پوری ہوگی تو ہر ایک بلا سے محفوظ رہے گا۔ یہ کہکر مؤکل ایک تختی عامل کو دے گا کہ یہ لوح محفوظ ہے۔ اسکو بڑی حفاظت سے رکھنا۔ یہ تیرے پاس ہو تو تجھ پر کوئی بلا اثر نہ کرے گی۔ اگر تجھے سخت مصیبت کا سامنا ہو تو میں تیری خدمت میں حاضر ہو کر اسکو بلا دور کروں گا۔ اور تجھے بچاؤں گا۔ اس کے بعد اس تختی کو لے کر واپس چلا آوے اور اسکو اپنے گلے میں پہنے رہے حفاظت اسکی جان سے زیادہ کرے۔ نقش یہ ہے:۔

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

مردوں کی روح کو بلانا اور ملاقات کرنا

ترکیب اہم

نوچندی جمعرات کو چاول کو خشکہ پکا کر اس پر دہی ڈال کر قبرستان میں جاوے۔ اور جس مردے کی روح کو بلانا منظور ہو اس کی قبر پر بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ اسم یا کریم کا وظیفہ کرے۔ اس کے بعد وہ خشکہ اس قبر پر رکھ کر آواز دے کہ اے شخص فلاں ابن فلاں آج نوچندی جمعرات ہے اس کے بدلے میں تیرے مکان پر آیا ہوں۔ اور تجھے دعوت دیتا ہوں کہ آج رات کو فلاں وقت اتنے بجے فلاں مقام پر تشریف لا کر مجھے سرافراز کر۔ لیکن وہ خشکہ قبرستان میں جو فقیر سب سے پہلے ملے اسکو دے دے اور سیدھا اپنے مکان کو واپس چلا جاوے۔ راستہ میں کسی شخص سے ہمکلام نہ ہو۔ جو وقت کہ دعوت کے لئے مقرر کیا ہو۔ اس وقت تنہا کمرے میں جو صاف کیا ہو عطریات اور لوبان سے اسکو خوشبودار بنا دے۔ اور طرح طرح کے لذیذ کھانے وہاں تیار رکھے۔ جس چیز سے مرنے والے کو اکثر رغبت ہو وہ چیز وہاں مہیا کر کے رکھے۔ ٹھیک وقت مقررہ پر اس شخص کی روح مجسم وہاں آئے گی اور تم سے ہمکلام ہوگی۔ جو تم سوال کرو گے اس کا جواب دے گی۔ اور جو کچھ تم دریافت کرو گے بتائے گی۔ سوائے ان باتوں کے جن سے قانون قدرت کا راز ظاہر ہوتا ہو۔ سب کچھ تم کو بتائے گی۔ اگر ایسے فضول سوال کرو گے جس سے روح ناراض ہو اور وہ نہ بتا سکے تو وہ ناراض ہو کر چلی جائیگی۔ اور پھر تمہارے بلانے پر نہ آسکیگی۔ اس لئے لازم ہے کہ ایسے سوالات لکھ کر رکھ لو۔ دروازہ پر جس سے روح کو داخل ہونا ہو نقش لکھ دیں تاکہ روح کو معلوم ہو جاوے کہ میری دعوت یہی گھر ہے۔ نقش یہ ہے

یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر
یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر
یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر
یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر	یا قدیر

علم مسمریزم کی اہمیت

واضح ہو کہ جو قوت علم مسمریزم کے نام سے موسوم ہے۔ وہ ہر ایک ذی روح کے اندر موجود ہے کیا انسان اور کیا حیوان۔ اب رہا اسکو ترقی دینا۔ یہ انسان کے اپنے اختیار میں ہے۔ ریاضت اور محنت سے اگر انسان اسکو ترقی دے کر درجہ کمال تک پہنچا دے تو انسان وہ کچھ کر سکتا ہے جس کو آجکل لوگوں نے ناممکن سمجھ رکھا ہے۔ علم مسمریزم میں بہت بڑی قوت خدا نے پوشیدہ رکھی ہے۔ لوگوں نے اسکو ناممکن سمجھ کر اسکی طرف خیال نہیں کیا مگر در اصل ناممکن دنیا میں کوئی چیز نہیں ہے۔ بزرگوں کا قول ہے کہ جوئندہ یابندہ۔ جس نے تلاش کیا۔ اس نے پایا۔ خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ کسی کی محنت رائیگاں نہیں کھوتا۔ جب تک وہ خود اپنی محنت کو اکارت نہ کرے میں اس کا صلہ ضرور دیتا ہوں اسلئے جو شخص جس چیز کے واسطے محنت کرے گا ممکن ہے کہ وہ اسکو حاصل ضرور ہو۔ مگر استقلال اور محنت شرط ہے۔ اسلئے علم مسمریزم کے عامل کو لازم ہے کہ وہ دل لگا کر محنت کرے ضرور کامیابی ہوگی۔

بیان مسمریزم

مبتدی کو لازم ہے کہ اول ایک سفید کاغذ پر ایک روپیہ کے برابر سیاہ نشان گول بنا کر اس کو اپنے بیٹھنے کے کمرے میں اپنی نگاہ کے سامنے دیوار پر لگا دیوے۔ اور روزانہ جب تک اس کی نظر کام دیوے۔ برابر نظر اس کو دیکھا کرے مگر آنکھ نہ جھپکے اور نہ نظر ہٹا کر دیکھے جب تک اس کی نظر اس نشان کے برابر دیکھتا رہے۔ اسیطرح روزانہ ترقی کرتا رہے جب تم اس کام میں پورے ہو جاؤ اور کامل ایک گھنٹہ تک برابر ایک نظر سے اس کو دیکھ

دیکھنے لگو گے تو وہ داغ رفتہ رفتہ تمہاری آنکھوں کے سامنے سے غائب
ہو جائے گا۔ اس کی جگہ تم کو باغات اور اس قسم کے خیالات نظر آئیں گے
جب یہ صورت پیش آوے تو سمجھو کہ تمہاری محنت برابر درست ثابت
ہوئی۔ پھر دوسری طریقہ کی طرف توجہ کرو جو ذیل میں درج ہے۔ سوتے
سانے کی صورت یہ ہے۔ جو ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

معمول پر خواب طاری کرنے کا دوسرا طریقہ

اس کے بعد ایک کمسن لڑکے کو روبرو بٹھا کر
اسی طرح جیسے کہ تم اس سیاہ داغ کو بٹھا کر دیکھتے
تھے اس لڑکے کو دیکھو اور اپنے دل میں یہ یقین کر لو کہ میں اس پر خواب
طاری کر دوں گا۔ برابر یہی کوشش لگاتار کرتے رہو۔ ایک ہفتہ کے
اندر تم میں یہ طاقت پیدا ہو جائے گی کہ وہ لڑکا جو تمہارے بالمقابل بیٹھا
ہوگا۔ آہستہ آہستہ غنودگی میں آنے لگیگا۔ بعد ایک ہفتہ کے مکمل
طور سے نیند طاری ہو جائیگی۔ اس وقت تم کو لازم ہے کہ اس سے
سوال کرو۔ جو سوال کروگے وہ اس کا درست اور صحیح جواب دیگا۔ مثلاً

سوال۔ عامل کیا تم سو رہے ہو؟
جواب۔ معمول۔ ہاں میں سو رہا ہوں۔
سوال۔ کیا تم کو کچھ نظر آتا ہے۔
جواب۔ بیشک۔
سوال۔ کیا؟
جواب۔ میں ایک دراز قد سیاہ فام شخص کو
دیکھتا ہوں۔
سوال۔ تم اس شخص سے کہو کہ مجھ کو فلاں ابن فلاں کی ملاقات

کرا دو۔ اور وہ کہاں ہے۔ کس حال میں ہے۔ مجھ کو آنکھوں سے دکھا دو
جواب۔ ہاں! میں اس شخص کو دیکھ رہا ہوں۔ وہ سامنے بازار میں
ایک دوکان پر کھڑا ہوا کچھ خرید رہا ہے۔
سوال۔ تم اس سے دریافت کرو کہ تم کس شہر میں ہو؟ اس کے پاس
جاکر دریافت کرو۔
جواب۔ وہ کہتا ہے کہ میں بمبئی میں ہوں۔
سوال۔ اس سے دریافت کرو کہ تم مکان پر کب لوٹ کر آؤ گے؟
جواب۔ وہ کہتا ہے کہ میں ابھی نہیں آسکتا۔

اس کے بعد تم کو لازم ہے کہ دوسرا سوال دوسرے شخص کے متعلق
ایک ہی وقت میں نہ کرو۔ کیونکہ جب معمول ایک ہی وقت میں دو
شخصوں کا حال نہیں بتا سکتا۔ ایسا کرنے سے معمول مسمریزم [illegible]
ہو جاتا ہے۔ اور پھر [illegible] سے بھی نہیں آتا ہے۔ اس لئے لازم
کہ اس بات کی احتیاط رکھے۔ ورنہ معمول کو تکلیف ہوتی ہے۔

طریقہ عمل مسمریزم کے پاس کرنیکا

پاس کرنے کی مشق یہ ہے کہ اس کے بعد تم کو لازم ہے۔ کہ معمول
کو سامنے کرسی پر بٹھا کر اپنے ہاتھ کی انگلیوں کے ذریعہ اس کو پاس کرو
یعنی معمول کو سامنے بٹھا کر اپنے ہاتھ کو اس کی آنکھوں اور جسم پر پاس
کرو۔ مگر دور سے۔ اس کے جسم کے ساتھ تمہارا ہاتھ مس نہ ہو۔ اور اپنے
میں یہ خیال پختہ طور پر جما لو۔ ہاتھ کے ذریعہ وہ کشش جو مجھ میں مسمریزم
کے ذریعہ پیدا ہو گئی ہے۔ اس کے جسم میں داخل کر رہا ہوں۔ جس کی وجہ
سے اس پر خواب طاری ہو جائے گا اور یہ سونے لگے گا۔ جب تک معمول
پورے طور سے غفلت طاری نہ ہو۔ وہاں تک عامل کو لازم ہے کہ برابر
پاس کرتا رہے تاکہ وہ بالکل غافل ہو جاوے۔ مگر پاس کرنے سے پہلے
ایک تکیہ معمول کی پشت کی طرف لگا دینا ضروری ہے جس سے معمول

کرنے کے وقت چوٹ نہ لگے۔ تمہارے پاس کے اثر سے وہ بالکل غافل ہو کر پیچھے کی طرف گر پڑے گا۔ تم کو لازم ہے کہ اس کو کسی تپائی یا کرسی کے سہارے لٹا دو۔ اور اپنے منشا کے مطابق اس سے سوال جواب کرو۔ جس قدر سوال تم اس سے کرو۔۔ ایک وقت میں علیحدہ علیحدہ ایک ہی معاملہ کے متعلق ہوں۔ دوسرے معاملہ کو ایک ہی سوال سے کسی حالت میں ایک ہی وقت میں دریافت نہ کرو۔

چوتھا طریقہ

تسخیر یا قوت مقناطیسی کے بیان میں

چونکہ دلکشی یہ ہے کہ اگر کسی شخص پر تم عاشق ہو اور وہ تم سے نفرت کرتا ہے یا اعتبار اسکا بگڑ گیا ہے اور اس کی کوئی صورت جوڑ کی نظر نہیں آتی۔ تو اس طریقہ کو عمل میں لاؤ۔ تمہارا مطلوب بالطبع تمہارے پاس چلا آوے گا۔

گزارش یہ ہے کہ ناجائز طریقہ پر اس قوت کا استعمال نہ کیا جائے اگر کیا جائے تو مطلق اثر نہ ہوگا۔ بلکہ الٹ جانے کا ڈر ہے۔ اور نقصان بڑھ جائے گی۔ اس لئے لازم ہے کہ ناجائز اور قانون قدرت کے خلاف کام میں اس قوت کو ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔ ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا۔ کیونکہ ایسے کام کی مذہب اجازت نہیں دیتا۔ جو قانون قدرت کے خلاف ہو۔

جائز طور پر اس قوت کا استعمال اس طریقہ سے ہو سکتا ہے کہ جس شخص کی تصویر جس کو مطیع کرنا مقصود ہے اپنے مقابل رکھ کر اسکو کشش روحانی کے ذریعہ کشش کرو یعنی پہلے طریقہ پر جس طرح تم نے پہلی مشق میں سیاہ داغ کو دیکھا تھا۔ اسی نظر سے اس تصویر کو دیکھو اور دل میں خیال رکھو۔ کہ میں دل کو اپنی طرف کھینچ رہا ہوں اور نظر کے ذریعہ اس کے

دل میں اپنی محبت پیدا کر رہا ہوں۔ ایک ہفتہ لگاتار کرتے رہو۔ ایک ہفتہ کے اندر اس کا ظہور ہو جائے گا۔ یعنی تمہارا مطلوب تمہاری خدمت میں خود بخود حاضر ہو جائے گا اور تمہارے حکم سے کبھی باہر نہ جائے گا۔

مسمریزم کے ذریعہ دور دراز ملکوں کی سیر کرنا

اس کے بعد تم یہ طریقہ استعمال کرو کہ آنکھیں بند کرکے اسی معمول مختلف مکانات جن میں تم اب تک عمل کرتے رہے ہو۔ بیٹھ جاؤ۔ اور جس ملک کی سیر کرنا منظور ہو آنکھیں بند کرکے اس ملک کا نقشہ اپنے لوح دل پر نقش کرو۔ اور اپنے دل میں یہ خیال کرو کہ میں اسی ملک کی سیر کر رہا ہوں۔

کچھ روز کی محنت کے بعد تم کو آہستہ آہستہ یہ معلوم ہونا شروع ہوگا کہ تم اسی ملک میں سیر کر رہے ہو۔ اور اس ملک کے عجائبات مشاہدہ کر رہے ہو۔ اور وہ سب نظارے تم کو اس طرح نظر آئیں گے جس طرح خیال خواب میں نظر آتے ہیں۔ بلکہ تم کو یہ معلوم ہوگا کہ تم اس طرح اس شہر کی سیر کا لطف اٹھا رہے ہو۔ جس طرح ہر شام کو اپنے ملک میں سیر کرتے پھرتے ہو۔ ہر ایک بازار۔ باغات۔ مکانات۔ دوکانات وغیرہ تم کو اس طرح نظر آئیں گی جس طرح تم عالم ہوشیاری میں سیر کرتے ہو۔ اسی طرح لطف آئیں گی۔ اس کے بعد جب کبھی تم کو اس شہر میں جانے کا اتفاق ہو تو تم اس کے راستے۔ سڑکیں اور مکانات اور باغ کو فوراً پہچان لوگے۔ جن کی سیر تم مسمریزم کے ذریعہ گھر بیٹھے کر چکے تھے۔ اور بالکل اسی طرح سب کچھ نظر آئے گا۔ جس طرح سے دیکھا تھا۔

موہنی منتر کے جاپ کی ترکیب

عامل جب اس منتر کا جاپ شروع کرے اسکو لازم ہے کہ تنہا مکان میں جہاں ایک مرگ چھالے کے سوا اور کوئی چیز خیال کو پر

والی ہو۔ برہنہ ہو کر اس منتر کا جاپ کرے۔ پیشانی پر صندل کا تلک لگائے۔ اور جب تک اس منتر کا جاپ کرے، برابر برت رکھے جس طرح ہندو برت رکھتے ہیں۔ اس منتر کا جاپ اکیس روز تک کرے۔ آخر بیسویں روز روغن زرد کا ایک چراغ جلا کر اپنے سامنے رکھے۔ اور منتر پڑھے اس کے بعد جب منتر ختم ہو جائے۔ تو ایک کورا چراغ لیکر اس چراغ کی لو پر رکھے۔ جس سے اس کی سیاہی اس کورے چراغ میں آ جائے پھر اس سیاہی کو جمع کرکے اس کا کاجل بنا دے۔ اور اسکو احتیاط سے رکھے۔ جب ضرورت ہو۔ اس کاجل کو آنکھ میں لگا دے۔ جس شخص کی طرف کاجل لگانے کے بعد نظر اٹھا کر دیکھیگا وہ جان و دل سے اس پر عاشق ہو جائے گا۔ جو حکم کرے گا۔ بلا پس و پیش بجا لائے گا۔ مگر عامل کو لازم ہے کہ اس طاقت سے ناجائز فائدہ نہ اٹھائے ورنہ جان کا نقصان ہے

منتر یہ ہے

شری بھگوان پرشورام جی نمو نمو۔ موہنی ماتا جی نمو نمو۔ کرشن بھگوان نمو۔ [illegible] کے لالہ نمو نمو

اس منتر کو روزانہ اکیس روز تک ایک لاکھ مرتبہ برہنہ ہو کر روزانہ پڑھے۔ منتر کامیاب ہو گا اور موہنی جی اس کے تابع ہو جائیں گی۔ جس کے ماتھے کا جل لگا جائے گا وہ اس کے حکم کے آگے سر جھکائے گا۔ اطاعت میں سر جھکا دے گا۔ ادنے اور اعلے سب تابعدار ہوں گے۔ تمام ہمجنسوں میں ممتاز ہو جائے گا۔

موہنی جی کا خواص یہ ہے کہ جس کے وہ قبضہ میں ہوں۔ وہ شخص سب پر حکومت کرتا ہے۔ راجا مہاراجا سب امیر جان قربان کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ اور اس کے آگے سر جھکاتے ہیں۔

تسخیر ہمجنس کا منتر

ہمجنس یا ہمزاد کا تابع کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ اس کی بدولت سے انسان ناممکن کام بھی کر سکتا ہے۔ یعنی ہزاروں لاکھوں کوس کی خبریں اس کے ذریعہ منگا سکتا ہے۔ دوسروں کو لاکھوں روپیہ دکھا سکتا ہے۔ ملک کو فتح کر سکتا ہے دکھا سکتا ہے یعنی اپنی شکل ہو بہو جیسا ہے حاضرین کو دکھا سکتا ہے۔ متعلق ہمزاد بس [illegible] لوگوں کو خود دکھا سکتا ہے۔ اور ہمجنس یا ہمزاد کو تابع کرنے کے بعد جو اس کو حکم کرے گا وہ اس سے انکار نہیں کر سکتا ہمزاد کے ذریعہ لوگوں نے بڑے بڑے کام کئے ہیں۔ یہاں تک کہ ہمزاد سے معشوق کا پلنگ تک [illegible] منگوایا ہے۔ الغرض اس تسخیر کے بعد عامل وہ کام کر سکتا ہے جو ایک طاقتور شہنشاہ سے بھی نہیں ہو سکتا۔ اگر ہمزاد کے عامل کو آپ زندان میں قید کر دیں تو وہ ہمزاد کی مدد سے فوراً آزاد ہو جائے گا۔

طریقہ تسخیر ہمزاد کا

سنیچر کے روز ایک بوتل سفید رنگ کی لیکر شہر سے سات کوس دور کسی جنگل میں جاؤ۔ جہاں کوئی انسان تم کو نظر نہ آئے اور وہاں جا کر تم اپنے سایہ کو گردن سے پکڑ کر یہ اسم پڑھو۔ اور کوشش کرو کہ تم اپنے سایہ کو اس بوتل میں قید کرنا چاہتے ہو۔ اس طرح چالیس روز تک روزانہ متواتر کرتے رہو۔ اخیر روز تم کو معلوم ہو گا۔ کہ تمہارا سایہ آہستہ آہستہ بوتل کے اندر اتر رہا ہے۔ یہاں تک کہ وہ بوتل کے اندر اتر آئے گا۔ تم کو لازم ہے کہ اس وقت اسم پڑھنا موقوف کر دو۔ اور بوتل کے منہ کو خوب اچھی طرح سے محفوظ طریقہ پر بند کر دو کہ ذرہ برابر بھی جو اس سے نکلنے نہ پاوے۔ اسی شکل میں واپس گھر واپس لوٹ آؤ۔ مگر یہ خیال رہے کہ اگر ذرا سا بھی روزن کھلا رہ گیا تو ہمزاد آزاد ہو کر تم کو ہلاک کر دے گا۔ جس وقت تم واپس لوٹو گے اس وقت تم کو اپنا سایہ مطلق نظر نہ آئے گا۔ یہی پہچان ہے تسخیر ہمزاد کی۔ جن کے قبضے میں اسکا ہمزاد ہو گا۔ اس کا سایہ مطلق نہ ہو گا۔

عامل کو لازم ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اس طاقت کو ناجائز طریقے
استعمال نہ کرے۔ جب تمہارا ہمزاد تمہارے قبضے میں آجائے گا اور تم
اسے کسی کام کے لئے طلب کرو گے تو وہ تمہاری صورت میں تمہارے
سامنے آئیگا تو تم کو حیرت نہ کرنا چاہئے۔ کیونکہ وہ ہمزاد ہو بہو تمہاری
شکل کا ہوگا۔ اسے تم جس کام کے لئے کہو گے بلا عذر پورا کرے گا۔
تم وہ بوتل لیکر واپس آؤ۔ تم کو لازم ہے کہ اس بوتل کو ایسی جگہ گاڑ
دو۔ زمین کے اندر جہاں دوسرے شخص کا گزر نہ ہو اور کوئی شخص تمہارا
ہمزاد کو آزاد نہ کر سکے۔ اس کے آزاد ہونے کی صورت میں تمہارا زندہ رہنا
محض ناممکن ہے۔

ان ہدایات کو خوب ذہن نشین کرلو۔ ہر وقت پاک و صاف رہو
ناپاکی کو ایک منٹ کے لئے بھی اپنے پاس نہ آنے دو۔ جس سے تمہارا
ہمزاد فائدہ اٹھاوے۔ اور تم کو بہت ضرر پہنچاوے۔ کیونکہ ناپاکی کی حالت
میں وہ تم کو ہر طرح سے صدمہ پہنچا سکتا ہے۔

طریقہ عمل تسخیر ہمزاد اور اس کا عمل

تسخیر ہمزاد تسخیر ہمزاد تسخیر ہمزاد

اس اسم کو مذکورہ بالا طریقہ پر پڑھو۔ انشاءاللہ تم کامیاب ہو گے
اور تمہارا ہمزاد تمہارے قبضے میں ہو کر تمہارا تابع ہوگا اور ہر ایک
حکم تمہارا بلا پس و پیش بجا لائے گا۔

چوری پکڑنے کی ترکیب

سوا گز زمین کو استرلاب کرکے ایک نئی کیل لیکر پرانی جوتی پر
گاڑ کر استرلاب کے درمیان میں گاڑ دے۔ مگر اس طریقے سے تاکہ جوتی
زمین سے گنبد کی طرح سوئی کی طرح بلند رہے۔ اس کے بعد
اس جوتی کو پھرکی کی طرح چلا دے۔ جب وہ معلوم کرے کہ چاروں

اور دو گولی سیاہ رنگ کے مرغ اصیل کو کھلا دیوے۔ چالیس روز کے
بعد اس مرغ کو ذبح کرکے اس کا گوشت چیل اور کوؤں کو کھلا دے
اور اس چھلے کو اس کے شکم سے نکال کر سات بار اس کے خون سے
غسل دیوے۔ بعدہ صاف کرکے اپنی انگلی میں پہن لیوے۔ انشاءاللہ
بواسیر خونی دور ہو جاوے گی۔ جب تک وہ چھلا ہاتھ میں پڑا رہے کبھی
نہ ہووے گی۔ جب وہ چھلا ہاتھ سے نکال دیا جائے گا۔ پھر فوراً آ سکے
اسلئے اسکو کبھی اپنے سے جدا نہ کرے۔

لوا بواسیر بادی

سات مثقال تانبہ اور تین مثقال چاندی۔ اور دو مثقال سونا
ان سب کو آمیز کرکے ایک چھلا بنا لے۔ اس چھلے کو چالیس روز تک
کمہاری کنوئیں میں لٹکا رکھے۔ بعدہ نکال کر ہاتھ میں پہنے۔ انشاءاللہ
بواسیر بادی جاتی رہیگی۔ اور جب تک چھلا تمہارے ہاتھ میں رہیگا
کبھی تکلیف نہ ہوگی۔ جب چھلا ہاتھ سے دور ہوگا تو احتمال ہے کہ
پھر نمودار ہو وے۔ اس لئے اس چھلے کو ہاتھ سے علیحدہ نہ کرے۔
اس ترکیب کو سینکڑوں شخصوں پر آزما کر دیکھا ہے۔ ہمیشہ تیر بہدف
ثابت ہوا ہے۔

تعویذ برائے چیچک

اگر بچے کو چیچک نکل آوے اور سخت تکلیف ہو۔ تو اس نقش کو
جنگلی کبوتر کے خون سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالدیوے۔ انشاءاللہ
بہت جلد صحت
نصیب ہوگی۔
نقش یہ ہے

ل	م	ل	م
ل	م	ل	م
ل	م	ل	م

بعد اس شخص کو جس کی چوری ہوئی ہو۔ اس کے مقابل بٹھاؤ اور اسکو حکم کرے کہ جس جس شخص پر تیرا شبہ ہے کہ انہوں نے چوری تیرے مال کی کی ہے انکا نام باری باری سے لیتا جا۔ اور جوتی سے خطاب کرکے کہے۔ اے لوٹا باری بتا کہ اس شخص نے تیرے مال کی چوری کی ہے؟ اسی طرح باری باری ہر ایک شخص کا نام لیوے۔ جس شخص نے چوری کی ہوگی جس وقت اس شخص کا نام آوے گا جوتی خود بخود حرکت کریگی۔ عامل کو لازم ہے کہ جب تک نام چوروں کے لئے جائیں اور تمام کام [illegible] برابر یہ منتر پڑھتا رہے۔ جس شخص نے چوری کی ہوگی۔ اس کے نام پر جوتی برابر گھومیگی۔ اور دوسرے شخص کے نام پر بالکل حرکت نہ کرے گی۔ فوراً چوری کا پتہ لگ جائے گا۔ ہزاروں بار کا آزمودہ و تیر بہدف ہے

منتر یہ ہے

لوٹا چاری۔ محمد ابیر کی چالی۔ جو ترکیب تو نے نکالی کر اٹھا چوری بتاتی لوٹا چاری

دیگر ترکیب چوری پکڑنے کی

درخت نیم پر جو نئی بیل چڑھی ہو۔ اس بیل کی دو شاخیں اس شخص کے ہاتھ سے جس کی چوری ہوئی ہو۔ لمبی لمبی کٹوا کر منگواؤ اور ان دو شاخوں کے دونوں سرے ریشم سے باندھ دو۔ ایک سرا اس شخص کا جس کی چوری ہوئی ہو۔ اس کے ہاتھ میں دے دو۔ اور دوسرا خود اپنے ہاتھ میں لیلو اور جس طرف چوری کا کامل شبہ ہو اس کے مکان کی طرف رخ کرکے کھڑے ہو جاؤ۔ اور اس منتر کا جاپ شروع کرو۔

منتر یا کاشف الاسرار۔ کرے چوری اُجاگر۔

اس اسم کو برابر ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر ان شاخوں سے خطاب کرو۔ کہ اے ہری اور سرسبز درخت کی شاخو! اس شخص کا اتنا مال چوری ہو گیا ہے اور فلاں بن فلاں پر شبہ کیا جاتا ہے۔ اگر دراصل وہ چور ہے تو تم کو قسم ہے اسم اعظم

تعویذ برائے رد مصیبت

اگر تمہارے سر پر خون کا الزام لگ گیا ہو اور تم کو اپنی جان جانے کا خطرہ ہو تو ایک کام کرو۔ نقش مندرجہ ذیل ایک ہزار جگہ لکھ کر آٹے میں ایک ہزار گولی بناؤ۔ اور ایک ایک کرکے سب گولیاں دریا برد کرو اس کے بعد اس پر چینی یا شکر لے کر چیونٹیوں کو ڈالو۔ [illegible] انشاء اللہ یہ بلا تمہارے سر سے ٹل جائے گی۔ اور مقدمہ سے صاف بری ہو جاؤ گے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

یا دافع البلیات	یا مجیب الدعوات
یا دافع البلیات	یا مجیب الدعوات

نقش ترقی و حفاظت مال

جو شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے مال میں رکھیگا۔ اس کا مال دن دونی ترقی کرے گا۔ آگ کا خوف رہے گا نہ چوری کا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲	۱۱	۹	۸	۷
۲	۱۱	۹	۸	۷
۳	۱۱	۹	۹	۷
۳	۱۱	۹	۸	[illegible]

برائے ہول دل

جس شخص کو ہول دل کا مرض ہو۔ اس شخص کو لازم ہے کہ عمر

اٹھا کر کو فوراً اس شخص کو جا کر لے۔ اگر اس شخص نے واقعی چوری کی ہے
تو وہ بیشک ہی ایک ہاتھی کی قوت سے تم کو کھینچ کر مکان کی طرف کھینچ کر
لے جائینگی۔ اگر تم ہزار دفعہ رکنے کی کوشش کرو گے تو وہ تم کو کھینچتے ہوئے
لیجائینگی اور سیدھی اس کے مکان میں داخل ہونگی یا جہاں اسوقت
موجود ہو گا وہاں لیجائینگی۔ اور جاتے ہی رسی کی طرح اس
شخص یعنی چور کے بدن میں لپٹ جائینگی۔ اور اسے کھینچ کر اس جگہ
لے جائینگی جہاں اس نے چوری کا مال دفن کیا ہوگا۔ یا رکھا ہوگا۔
چور ہزار ہزار طرح ان سے آزادی حاصل کرنے کی کوشش کریگا۔
مگر جب تک تمہارا مال دستیاب نہ ہو اور تم اجازت اس کے رہا کرنے کی
نہ دو۔ وہ کبھی رہائی حاصل نہیں کر سکتا۔ یہ عمل نہایت با اثر اور تیر بہدف
ہے۔ اس کو ہزاروں مرتبہ خود مصنف نے آزمایا ہے۔ اور اس کے ذریعہ
ہزاروں چوریاں برآمد کی ہیں۔

تیسرا طریقہ چاول کے ذریعہ چوری پکڑنیکا

پانچ دانہ چاول لیکر ان پر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر
دم کرے۔ اور وہ چاول جس جس پر چوری کا شبہ ہو اسکو چبوا دے اگر
اس شخص نے چوری کی ہوگی تو اس کے منہ سے خون جاری ہو جائیگا۔ وہ جبتک
وہ مال جس کا اس نے چرایا ہے۔ اس کو واپس کر جائے اور معافی کا خواستگار
ہوگا اسوقت تک کبھی خون بند نہ ہوگا۔ اگر فوراً اس نے مال واپس کر کے معافی
مانگی تو اسقدر اس کے منہ سے خون گرے گا کہ کلیجہ تک کٹ کٹ کے منہ کے رستہ
نکل جائیگا۔ پھر بعد میں اگر معافی بھی مانگے گا تو کچھ نہ ہوگا۔ اسلئے فوراً [illegible]
اس کا مال واپس کر کے معافی کا خواستگار ہو اور آئندہ کے لئے توبہ کرے۔

چھلا برائے بواسیر خونی

سات مثقال خالص چاندی لیکر اس کا ایک چھلا بنوا کر اس چھلے
کو سات بار دریا کے پانی سے دم کر اس کی گولی بنا کے [illegible]

دن جس وقت شام ہونے کے قریب ہو۔ اور سورج غروب ہو چکا ہو
اور رات قریب ہو۔ [illegible] کے بار چار اس نقش کو لکھے۔ اور ہر ایک پانی
چلو میں لیکر سات مرتبہ پڑھ کر پیچھے کو پھینکے۔ اس کے بعد اسی طرح
نقش کو زبان کی [illegible] روز چار کر کے ایک برتن میں [illegible]
پر اسکو پی لیوے اور [illegible] بچے کھچے میں پھینک دے۔ مگر ساتھ ہی
یہی خیال رکھے کہ ایک روز کے وقت [illegible]
سات روز تک متواتر [illegible] کسی ضرورت سے [illegible] کرے۔ [illegible]
کے پاس تک جائے [illegible] کا خیال بھی کرے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷
۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷
۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷
۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷	۲۷۳۷

برائے مرض جریان

جس شخص کو جریان کا مرض ہو۔ اسکو لازم ہے۔ کہ سنگل یا بدھ کے روز
سات بکروں کا مغز لیکر اس نقش کو سات بار لکھ کر پانی میں گھول ان مغزوں
کے پانی سے سات سات مرتبہ ان مغزوں کو پاک کرے۔ اس کے بعد ان
مغزوں کو گھی میں بھون لے۔ اور بھونتے وقت اس نام کو ورد زبان رکھے
جس وقت تک مغز تیار نہ ہو جائیں۔ اسوقت تک برابر اس اسم کا
جاپ رہے۔ وہ یہ ہے۔ یا مغنی
اس کے بعد جب مغز تیار ہو جائیں تو ان کو چنے کی روٹی کے ساتھ
نوش کرے۔ انشاء اللہ تعالے جریان دور ہو جائے گا۔ وہ نقش [illegible]

چشمہ جوتش یا خفیہ راز داں

[illegible]

عملیات ہمزاد طلسمی

[illegible]

منگوانے کا پتہ: منیجر اقبال ہند بک ڈپو [illegible]

ے	ے	ے	ے	ے	ے
ے	ے	ے	ے	ے	ے

برائے درد جگر مجرب است

جس شخص کو درد جگر رہتا ہو۔ اس کو لازم ہے کہ سات قسم کے جانوروں کو آزاد کر دے۔ اور بچوں میں مٹھائی تقسیم کرے۔ اور اس کے بعد یہ نقش جمعہ کے روز صبح سورج طلوع ہونے سے قبل لکھ کر [illegible] موم جامہ کر کے اسکو اپنے گلے میں پہنے۔ انشاء اللہ پھر کبھی درد جگر کی شکایت نہ ہوگی۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	مالک	الدین
الرحمن	یوم	ایاک	[illegible]

عمد ۵۶۳۵ عمد

تمت

حکیم حاجی علی ضیاء صابری

- فاضل طب والجراحت
- رجسٹرڈ نیشنل کونسل فار طب حکومت پاکستان
- فاضل قانون نظریہ مفرد اعضاء
- سابقہ فرنیش قرشی ہیلتھ سروس لاہور

0301-6914588

الحمد دواخانہ

386۔ فاطمہ جناح روڈ تلیانوالہ محلہ ساہیوال

الحمد